ماڈل پیپر "سوکس"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

وقت: 20 منٹ　　حصہ معروضی　　کل نمبر:15

نوٹ:۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1- (i) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کے عالمی منشور کا اعلان کیا۔

(A) 24 اکتوبر 1945　(B) 14 اگست 1946　(C) یکم ستمبر 1947　(D) 10 دسمبر 1948

(ii) اسلام سے قبل عورت کی حیثیت۔

(A) انتہائی کم تھی　(B) بہت اعلیٰ تھی　(C) مرد کے مساوی تھی　(D) مرد سے زیادہ تھی

(iii) سابق صدر نیلسن مینڈیلا کا تعلق ہے۔

(A) کینیا　(B) امریکہ　(C) ویسٹ انڈیز　(D) جنوبی افریقہ

(iv) چوہدری رحمت علی نے لفظ "پاکستان" سے مسلمانوں کو کب روشناس کرایا؟

(A) 1933　(B) 1934　(C) 1935　(D) 1936

(v) بابائے قوم ہیں۔

(A) مولانا محمد علی جوہر　(B) قائداعظم　(C) لیاقت علی خاں　(D) مولانا شبیر احمد عثمانی

(vi) مسلم لیگ نے جداگانہ انتخاب کا مطالبہ کب منوایا۔

(A) 1906　(B) 1907　(C) 1908　(D) 1909

(vii) قرارداد مقاصد منظور ہونے کا سن ہے۔

(A) 1948　(B) 1949　(C) 1950　(D) 1959

(viii) ون یونٹ کا قیام کب ہوا؟

(A) 1951　(B) 1952　(C) 1955　(D) 1959

(ix) پاکستان کے پہلے آئین کا نفاذ کب ہوا۔

(A) 1949　(B) 1956　(C) 1962　(D) 1973

(x) نئے مقامی حکومت کے نظام کا اجراء کب ہوا؟

(A) 2001　(B) 2002　(C) 2003　(D) 2004

(xi) یونین کونسل کے اراکین کی کل تعداد ہے۔

(A) 12　(B) 13　(C) 15　(D) 18

(xii) ہر یونین کونسل میں سیکٹریوں کی تعداد ہے۔

(A) 3　(B) 6　(C) 9　(D) 12

(xiii) پاکستان اور چین کی مشترکہ سرحد تقریباً لمبی ہے۔

(A) 600 کلومیٹر　(B) 700 کلومیٹر　(C) 800 کلومیٹر　(D) 900 کلومیٹر

(xiv) ایران میں اسلامی انقلاب کب آیا؟

(A) 1979　(B) 1983　(C) 1987　(D) 1991

(xv) پاکستان اور بھارت کے درمیان "سندھ طاس کا معاہدہ" کب طے پایا؟

(A) 1950　(B) 1955　(C) 1960　(D) 1965

(2)

ماڈل پیپر "سوکس"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء و مابعد

حصہ انشائی

وقت:2:10 گھنٹے　　کل نمبر:60

(حصہ اول PART-I)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) ارسطو نے حقوق کی کیا تعریف کی ہے؟

(ii) قانونی حقوق سے کیا مراد ہے؟

(iii) کیا جمہوریت کی کامیابی کے لئے سیاسی جماعتوں کا ہونا ضروری ہے؟

(iv) فرقہ پرستی کے کیا نقصانات ہیں؟

(v) فرائض سے کیا مراد ہے؟

(vi) نظریہ کی تعریف کریں۔

(vii) سرسید احمد خاں کی دو تصانیف کے نام تحریر کریں۔

(viii) مسلم لیگ بنانے کے دو مقاصد تحریر کریں۔

(ix) نظریہ پاکستان کی تعریف کیجئے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) قومی یکجہتی کا مفہوم بیان کیجئے۔

(ii) تحریری آئین سے کیا مراد ہے؟

(iii) اسلامی اقدار سے کیا مراد ہے؟

(iv) قرارداد مقاصد کے دو نکات بیان کریں۔

(v) بنیادی اصولوں کی کمیٹی کی پہلی رپورٹ کب پیش ہوئی؟

(vi) بنیادی جمہوریتوں کے نظام سے کیا مراد ہے؟

(vii) مقامی حکومت کے نئے نظام کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

(viii) ضلعی حکومت کی تشکیل کیسے ہوتی ہے؟

(ix) ڈی۔سی۔او کیا ہوتا ہے؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) یونین حکومت کیسے بنتی ہے؟

(ii) ضلعی حکومت کے دو محکموں کے نام تحریر کیجئے۔

(iiii) خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

(iv) اقتصادی تعاون کی تنظیم (E.C.O) کے تین ممبر ممالک کے نام تحریر کیجئے۔

(v) دفاعی میدان میں چین نے پاکستان کی کیسے مدد کی ہے۔

(vi) پاکستان اور بھارت کے تعلقات کے نئے دور سے کیا پیش رفت ہوئی ہے؟

(vii) اسلامی ملک ایران کا مختصر تعارف پیش کریں۔

(viii) ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے واقعہ نے افغانستان میں حالات کو کیسے تبدیل کیا؟

(ix) بنڈونگ کانفرنس پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

(2)

(PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

-5	حقوق کی تعریف کریں اور شہریوں کے معاشرتی حقوق بیان کریں۔	8
6 -	نظریہ پاکستان کی تعریف کریں اور اس کے بنیادی اصولوں کی وضاحت کریں۔	8
-7	1973 کے آئین کی اسلامی دفعات بیان کریں۔	8
-8	ضلعی حکومت کی تشکیل اور اختیارات وفرائض واضح کریں۔	8
-9	پاکستان کے ہمسایہ ملک ایران کے ساتھ تعلقات بیان کریں۔	8